اللہ قریب ہے

یقیناً اللہ تعالی قریب ہے۔۔۔

اے وہ ذات جو ہر اس شخص سے قریب ہے جو اس سے مانگتا ہے ۔۔۔ اے وہ ذات جو ہر اس شخص سے قریب ہے، جو اس سے لَو لگائے رکھتا ہے۔

اے وہ ذات جو ہر اس شخص سے قریب ہے جو اس سے مانگتا ہے ۔۔۔ اے وہ ذات جو شہ رگ سے بھی زیادہ ہم سے قریب ہے۔

اے قریب ذات تیری محبت و انسیت اور تیری کلام کی لذت سے ہمیں مالا مال فرما ۔۔۔ {جب میرے بندے میرے بارے میں آپ سے سوال کریں، تو آپ کہہ دیں کہ میں بہت ہی قریب ہوں۔ }(البقرة: ١٨٦)

&"القريب&" اپنی بلندیٔ شان کے باوجود اپنے علم و آگہی سے قریب رہنے والی ذات

&"القريب&" ہر اس شخص سے اس کی ذات قریب ہے جو اس کو پکارتا ہے۔ وہ لطف و مہربانی کرتی ہے، امیدوں کی برآری کرتی ہے، مصیبتوں اور غموں کو دور کرتی ہے، اور پریشان حال کی دعائیں قبول کرتی ہے۔